## 26254 ـ طواف افاضہ كا آخري وقت

### سوال

طواف افاضہ كا آخري وقت كب ختم ہوتا ہے ؟

### پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

كمزور وناتواں اشخاص اور جوان كے حكم ميں آتے ہيں ان كے ليے طواف افاضہ كا ابتدائي وقت عيدكي نصف رات بيت جانے كے بعد شروع ہوتا ہے ، اور اس كي انتہاء كا كوئي وقت محدد نہيں ليكن بہتريہ ہے كہ حاجي حسب استطاعت طواف افاضہ جلد كرلے ، ليكن اس ميں بھي اسے اپنا خيال ركھنا چاہيے كہ وہ ايسا وقت تلاش كرے جس ميں رش كم ہو تا كہ نہ تو وہ خود تكليف اٹھائے اور نہ ہي كسي دوسرے كوتكليف دے .

اللہ تعالي ہي توفيق بخشنے والا ہے اللہ تعالي ہمارے نبي محمد صلي اللہ عليہ وسلم اور ان كي آل اور صحابہ كرام پر اپني رحمتيں نازل فرمائے .